


AlAnbia

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. Draws near for mankind their reckoning, while they in heedlessness turn away.	اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۝١	قریب آگیا ہے انسانوں کے حساب کا وقت اور وہ پڑے ہُوئے ہیں غفلت میں مُنہ موڑے ہُوئے ①
2. There does not come to them an admonition from their Lord as a new (revelation) except they listen to it while they play.	مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝٢	نہیں آتی ہے ان کے پاس کوئی نئی نصیحت اُن کے رب کی طرف سے مگر وہ اُسے سُنتے ہیں اس طرح جیسے کھیل رہے ہوں ②
3. Their hearts distracted. And they confer in secret. Those who do wrong (say): "Is this (Muhammad) other than a man like you. Will you then submit to magic while you see (it)."	لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝٣	غفلت میں پڑے ہُوئے ہیں اُن کے دل اور چُپکے چُپکے سرگوشیاں کرتے ہیں — یہ ظالم کہ نہیں ہے یہ شخص مگر ایک بشر تم جیسا کیا تم پھنس جاؤ گے جادُو میں آنکھوں دیکھتے؟ ③
4. He (Muhammad) said: "My Lord knows whatever is said in the heavens and the earth. And He is the All Hearer, the All Knower."	قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝٤	رسُولؐ نے کہا: میرا رب جانتا ہے ہر بات کو آسمانوں میں ہو یا زمین میں اور ہے وہ سب کچھ سُننے والا اور جاننے والا ④

5. But they say: "(The revelations are but) mixed up dreams. Rather, he has invented it. Rather, he is a poet. Let him then bring to us a sign like the ones that were sent to (the prophets) of old."	بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۝٥	بلکہ اُنہوں نے تو یہ بھی کہا کہ (یہ قرآن) پراگندہ خواب ہیں بلکہ (یہ بھی کہا) کہ گھڑ لایا ہے یہ اِسے بلکہ یہ شخص شاعر ہے اچھا (اگر یہ رسول ہے) تو اُسے چاہیے کہ لائے ہمارے سامنے کوئی نشانی جیسے کہ بھیجے گئے تھے (معجزوں کے ساتھ) پہلے رسُول ۝٥
6. Not a township which We destroyed believed before them. Will they then believe.	مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝٦	(معجزے دیکھ کر بھی) ایمان نہ لائی اُن سے پہلے کوئی بستی (نتیجہ یہ ہوا) ہم نے اُسے ہلاک کر دیا ۔ تو کیا یہ ایمان لائیں گے ؟ ۝٦
7. And We did not send before you (O Muhammad) except men, to whom We revealed (the message). So ask the people of the reminder if you do not know.	وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٧	اور نہیں بھیجا ہم نے تم سے پہلے (جس کو بھی بھیجا) مگر وہ آدمی ہی تھے کہ وحی کیا کرتے تھے ہم اُن کی طرف تو پوچھ لو اہلِ کتاب سے اگر تم نہیں جانتے ۝٧
8. Nor did We give them bodies that would not eat food, nor were they immortals.	وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝٨	اور نہ دیا تھا ہم نے اُنہیں کوئی ایسا جسم کہ نہ کھاتے ہوں کھانا اور نہ تھے وہ ہمیشہ زندہ رہنے والے بھی ۝٨
9. Then We fulfilled the promise to them. So we saved them and those whom We willed, and We destroyed those who transgressed beyond bounds.	ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝٩	پھر (دیکھ لو) سچّے کر دکھائے ہم نے اُن سے کیے ہُوئے وعدے اور نجات دی ہم نے اُنہیں اور اُن کو بھی جن کو چاہا ہم نے (نجات دینا) اور ہلاک کر دیا ہم نے حد سے گزر جانے والوں کو ۝٩
10. Indeed, We have sent down to you the Book (the Quran), wherein is your reminder. Will you not then understand.	لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝١٠	بے شک نازل کی ہے ہم نے تمہاری طرف ایک ایسی کتاب جس میں تمہارا ہی ذکر ہے، کیا پھر بھی سمجھتے نہیں ہو تم ؟ ۝١٠

11. And how many a township have We destroyed that were wrong doers, and We raised up after them another people.	وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿١١﴾	اور کتنی ہی پیس ڈالیں ہم نے ایسی بستیاں جو تھیں ظالم اور اُٹھایا ہم نے ان کے بعد دوسری قوموں کو ﴿١١﴾
12. Then, when they perceived Our punishment, behold, they (tried to) flee from it.	فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿١٢﴾	پھر جب آتا دیکھا انھوں نے ہمارا عذاب تو وہ وہاں سے بھاگنے لگے ﴿١٢﴾
13. "Flee not, and return to that wherein you lived a luxurious life, and (to) your dwellings, perhaps you will be questioned."	لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿١٣﴾	(ہم نے کہا) مت بھاگو تم اور لوٹ آؤ طرف اپنے عیش و آرام کے اور اپنے گھروں کے شاید کہ اب بھی کوئی تمہارا پُرسانِ حال ہو ﴿١٣﴾
14. They said: "O woe to us, indeed we were wrongdoers."	قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿١٤﴾	وہ کہنے لگے ہماری کم بختی کہ ہم ہی تھے ظالم ﴿١٤﴾
15. So that crying of theirs ceased not, until We made them as a field that is reaped, extinct.	فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿١٥﴾	پھر رہی یہی اُن کی پکار یہاں تک کہ بنا دیا ہم نے اُنہیں کٹی ہُوئی کھیتی اور بجھی ہُوئی آگ (کی مانند) ﴿١٥﴾
16. And We did not create the heaven and the earth and what is between them for a play.	وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿١٦﴾	اور نہیں پیدا کیا ہے ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے کھیل کے طور پر ﴿١٦﴾
17. If We had intended to take a pastime, We could surely have taken it in Our presence, if We were going to do (that).	لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٧﴾	اگر بنانا ہوتا ہمیں کھیل تماشا تو بناتے اُسے ہم اپنے ہی پاس سے ۔اگر کہیں ہوتے ہم ایسا کرنے والے ﴿١٧﴾
18. But We fling the truth against the falsehood, so it crushes it, then behold, it is vanished. And woe to you for that (lie) which you ascribe.	بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿١٨﴾	بلکہ ہم تو چوٹ لگاتے ہیں حق سے باطل پر جو اس کا بھیجا نکال دیتا ہے اور وہ دیکھتے ہی دیکھتے مٹ جاتا ہے۔ اور تمہارے لیے تباہی ہے ان باتوں کی وجہ سے جو تم بناتے ہو ﴿١٨﴾

19. To Him belongs whoever is in the heavens and the earth. And those who are with Him (angels) are not too proud to worship Him, nor are they weary (of His worship).	وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ۚ﴿۱۹﴾	اور وہی مالک ہے اُن کا جو ہیں آسمانوں میں اور زمین میں اور جو (فرشتے) اس کے پاس ہیں، وہ نہیں تکبر کرتے اس کی عبادت کرنے سے اور نہ تھکتے ہیں ﴿۱۹﴾
20. They glorify His praises night and day, they do not slacken (to do so).	يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾	تسبیح بیان کرتے رہتے ہیں اس کی شب و روز اور دم نہیں لیتے ہیں ﴿۲۰﴾
21. Or have they taken gods from the earth who resurrect (the dead).	اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾	کیا ٹھہرا رکھے ہیں اُنہوں نے کچھ معبود زمین سے جو (مُردوں کو زندہ کر کے) اُٹھا کھڑا کرتے ہوں؟ ﴿۲۱﴾
22. If there were therein gods besides Allah, then they both (the heavens and earth) would have been ruined. So glorified be Allah, the Lord of the Throne, from what they ascribe (to Him).	لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾	اگر ہوتے زمین و آسمان میں کچھ خدا اللہ کے سوا تو فساد برپا ہو جاتا ان میں سو پاک ہے اللہ جو مالک ہے عرش کا اُن باتوں سے جو یہ بناتے ہیں ﴿۲۲﴾
23. He will not be questioned as to what He does, and they will be questioned.	لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾	نہیں پُوچھا جا سکتا اس سے اس کے کاموں کے بارے میں جبکہ یہ سب جوابدہ ہیں (اُس کے حضور) ﴿۲۳﴾
24. Or have they taken besides Him gods. Say (O Muhammad): "Bring your proof. This (Quran) is the admonition for those with me and admonition (in scriptures) for those before me." But most of them do not know the truth, so they have turned away.	اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾	کیا اُنہوں نے بنا رکھے ہیں اللہ کے سوا دوسرے خدا، کہو لاؤ تم اپنی دلیل۔ یہ (کتاب) نصیحت ہے ان لوگوں کے لیے جو میرے ساتھ ہیں اور نصیحت ہے ان کے لیے بھی جو مجھ سے پہلے تھے۔ مگر ان میں سے اکثر بے خبر ہیں حقیقت سے اسی لیے وہ منہ موڑے ہوئے ہیں ﴿۲۴﴾

25. And We did not send before you any messenger except that We revealed to him that, "There is no god except Me, so worship Me."	وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿٢٥﴾	اور نہیں بھیجا ہم نے تم سے پہلے کوئی رسول مگر وحی بھیجتے رہے ہیں ہم اس کے پاس یہ کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے میرے، سو میری ہی عبادت کرو ﴿٢٥﴾
26. And they say: "The Beneficent has taken a son." Be He glorified. But (whom they call sons) are honored slaves.	وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٢٦﴾	اور کہتے ہیں یہ لوگ کہ رکھتا ہے رحمٰن اولاد، پاک ہے وہ (اس سے) بلکہ وہ (رسُول) تو بندے ہیں، جنہیں عزت دی گئی ہے ﴿٢٦﴾
27. They do not precede Him in speech, and they act by His command.	لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٧﴾	نہیں پہل کرتے اس کے حضور بولنے میں اور وہ اس کے حکم پر عمل کرتے ہیں ﴿٢٧﴾
28. He knows what is before them and what is behind them, and they cannot intercede except for him whom He is pleased with. And they, for fear of Him stand in awe.	يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿٢٨﴾	وہ جانتا ہے ہر وہ بات جو ہے سامنے اُن کے اور وہ بھی جو ہے ان کے پیچھے اور نہیں سفارش کرتے وہ مگر اس کی جس کے لیے پسند کرے اللہ (سفارش کو) اور وہ اس کے خوف سے ڈرے رہتے ہیں ﴿٢٨﴾
29. And whoever of them should say: "Indeed I am a god besides Him." Such a one We shall recompense with Hell. Thus do We recompense the wrongdoers.	وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّىْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾	اور جو کوئی کہے ان میں سے کہ میں بھی معبود ہوں اللہ کے سوا تو اُسے سزا دیں گے ہم جہنم کی ایسی ہی سزا دیتے ہیں ہم ظالموں کو ﴿٢٩﴾
30. Have those who disbelieved not seen that the heavens and the earth were joined together, then We parted them. And We made every living thing from water. Will they not then believe.	اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٠﴾	کیا نہیں دیکھا ان کافروں نے کہ آسمان و زمین تھے دونوں باہم ملے ہُوئے پھر ہم نے اُنہیں جُدا کیا اور پیدا کی ہم نے پانی سے ہر جاندار چیز تو کیا پھر یہ ایمان نہیں لائیں گے؟ ﴿٣٠﴾

31. And We have placed in the earth firm mountains lest it should shake with them, and We have made therein broad highways to pass through, that they may be guided.	وَجَعَلْنَا فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِهِمْ وَجَعَلْنَا فِيهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ﴿٣١﴾	اور جما دیے ہم نے زمین میں (پہاڑوں کے) لنگر کہ کہیں ڈھلک نہ جائے انہیں لے کر اور بنائے ہم نے ان میں کھلے راستے تاکہ وہ اپنا راستہ پالیں ﴿٣١﴾
32. And We have made the heaven a secure canopy, and yet they turn away from its signs.	وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ سَقْفًا مَّحْفُوظًا ۖ وَهُمْ عَنْ آيَاتِهَا مُعْرِضُونَ ﴿٣٢﴾	اور بنایا ہم نے آسمان کو محفوظ چھت پھر بھی وہ اس (کائنات) کی نشانیوں سے مُنہ موڑے ہُوئے ہیں ﴿٣٢﴾
33. And He it is who created the night and the day, and the sun and the moon. Each in an orbit floating.	وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ﴿٣٣﴾	اور وہی تو ہے جس نے پیدا فرمایا رات کو اور دن کو اور سُورج کو اور چاند کو سب اپنے اپنے مدار میں تیر رہے ہیں ﴿٣٣﴾
34. And We did not grant to any human being immortality before you (O Muhammad), then if you die, would they live forever.	وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّن قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۖ أَفَإِن مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُونَ ﴿٣٤﴾	اور نہیں رکھی ہم نے کسی بشر کے لیے تم سے پہلے بھی، ہمیشہ کی زندگی، پھر کیا اگر تم مر گئے تو یہ ہمیشہ جیتے رہیں گے؟ ﴿٣٤﴾
35. Every soul must taste death. And We test you by evil and by good as a trial. And unto Us you will be returned.	كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَنَبْلُوكُم بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۖ وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ﴿٣٥﴾	ہر جاندار کو چکھنا ہے مزا موت کا اور ڈالتے ہیں ہم تمہیں بُرے اور اچھے حالات میں آزمائش کے لیے۔ اور ہماری ہی طرف تمہیں لوٹ کر آنا ہے ﴿٣٥﴾
36. And when those who disbelieve see you (Muhammad), they take you not except for mockery (saying): "Is this he who talks about your gods." While they disbelieve at the mention of the Beneficent.	وَإِذَا رَآكَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِن يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا الَّذِي يَذْكُرُ آلِهَتَكُمْ ۖ وَهُم بِذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ هُمْ كَافِرُونَ ﴿٣٦﴾	اور جب دیکھتے ہیں تم کو یہ لوگ جو کافر ہیں تو اور کچھ نہیں کرتے سوائے اس کے کہ مذاق اُڑاتے ہیں ۔(کہتے ہیں) کیا یہی ہے وہ شخص جو نام لیتا ہے تمہارے خداؤں کا (بُرائی سے)؟ اور ان کا حال یہ ہے کہ جب رحمٰن کا ذکر کیا جاتا ہے تو یہ اس کا بھی انکار کرتے ہیں ﴿٣٦﴾

37. Man is created of haste. I shall show you My signs, so ask Me not to hasten.	خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۳۷﴾	بنایا گیا ہے انسان جلد بازی سے۔ عنقریب دکھاؤں گا میں تمہیں اپنی نشانیاں لہٰذا مجھ سے جلدی مت مچاؤ ﴿۳۷﴾
38. And they say: "When will this promise be (fulfilled), if you are truthful."	وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾	اور کہتے ہیں یہ لوگ آخر کب (پوری) ہوگی یہ دھمکی اگر ہو تم سچے ﴿۳۸﴾
39. If those who disbelieved only knew the time when they will not be able to drive off the fire from their faces, nor from their backs, nor will they be helped.	لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۳۹﴾	کاش! جان لیتے یہ لوگ جو کافر ہیں اس وقت (کی کیفیت) کو جب نہ روک سکیں گے یہ اپنے چہروں سے آگ اور نہ اپنی پیٹھوں سے اور نہ اُن کو مدد ملے گی ﴿۳۹﴾
40. But it will come upon them unexpectedly and will perplex them, then they will not be able to repel it, neither will they be reprieved.	بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۴۰﴾	بلکہ آئے گی اِن پر (وہ بلا) اچانک جو بدحواس کر دے گی اُنہیں سو نہ طاقت رکھیں گے یہ اُسے دُور ہٹانے کی اور نہ اُنہیں مہلت ملے گی ﴿۴۰﴾
41. And indeed, messengers before you were ridiculed, so those who mocked them were surrounded by what they used to ridicule.	وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۱﴾	اور یقیناً مذاق اُڑایا گیا تھا رسُولوں کا تم سے پہلے بھی تو گھیر لیا اُن لوگوں کو جنہوں نے مذاق اُڑایا تھا اُن کا اس (عذاب) نے جس کا وہ مذاق اُڑایا کرتے تھے ﴿۴۱﴾
42. Say: "Who can protect you at the night and the day from the Beneficent." But they are turning away from the remembrance of their Lord.	قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾	ان سے پوچھو کون ہے جو بچا سکتا ہو تمہیں رات کو اور دن کو رحمٰن (کی پکڑ) سے (سوائے اس کی رحمت کے)؟ پھر بھی یہ اپنے رب کے ذکر سے مُنہ موڑ رہے ہیں ﴿۴۲﴾

43. Or do they have gods who can guard them against Us. They have no power to help themselves, nor can they be protected from Us.	اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿۴۳﴾	کیا اُن کے کچھ ایسے خدا ہیں جو اُن کی حمایت کریں ہمارے مقابلہ میں ، نہیں طاقت رکھتے وہ مدد کرنے کی اپنی بھی اور نہ انہیں ہماری طرف سے تائید حاصل ہے ﴿۴۳﴾
44. But We gave the luxuries of this life to these and their fathers until life prolonged for them. Then do they not see that We gradually reduce the land from its outlying borders. Is it then they who will overcome.	بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾	اصل بات یہ ہے کہ خوب سامان زندگی دیا ہم نے انہیں اور ان کے آباؤ اجداد کو یہاں تک کہ گزر گیا ان پر ایک زمانہ کیا یہ نہیں دیکھتے کہ ہم گھٹاتے چلے آرہے ہیں زمین کو اس کے اطراف سے تو کیا پھر یہ غالب آجائیں گے ؟ ﴿۴۴﴾
45. Say (O Muhammad): "I warn you only by the revelation." But the deaf will not hear the call when they are warned.	قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۫ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿۴۵﴾	کہہ دو ! حقیقت یہ ہے کہ میں متنبہ کر رہا ہوں تم کو وحی کے ذریعے سے اور نہیں سُنا کرتے بہرے پکار کو جب بھی اُنہیں خبردار کیا جاتا ہے (کسی خطرے سے) ﴿۴۵﴾
46. And if a breath of your Lord's punishment were to touch them, they assuredly would say: "O woe to us, indeed we have been wrongdoers."	وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾	اور اگر چھو بھی جائے اُنہیں جھونکا تیرے رب کے عذاب کا تو یہ ضرور چیخ اٹھیں گے ہائے ہماری کم بختی ! یقیناً ہم ہی تھے ظالم ﴿۴۶﴾
47. And We shall set up balances of justice on the Day of Resurrection, so not a soul will be dealt with unjustly in anything. And if there be the weight of a mustard seed, We will bring it forth. And sufficient are We as Reckoners.	وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾	اور رکھیں گے ہم ترازو ٹھیک ٹھیک تولنے والے قیامت کے دن پھر نہ ظلم کیا جائے گا کسی جان پر ذرا بھی ۔ اور اگر ہوگا کوئی عمل برابر رائی کے دانے کے بھی تو ہم لے آئیں گے اُسے اور کافی ہیں ہم حساب لینے کو ﴿۴۷﴾

48. And Surely, We gave Moses and Aaron the criterion and a light and a reminder for the righteous.	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾	اور یقیناً دے چکے ہیں ہم موسیٰؑ اور ہارونؑ کو الفرقان (تورات) اور روشنی اور نصیحت ایسے متقیوں کے لیے ﴿۴۸﴾
49. Those who fear their Lord in unseen, and they are afraid of the Hour.	الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾	جو ڈرتے رہتے ہیں اپنے رب سے بے دیکھے اور جنہیں حساب کی گھڑی کا کھٹکا لگا ہُوا ہے ﴿۴۹﴾
50. And this is a blessed reminder (the Quran) which We have sent down. Will you then reject it.	وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾	اور یہ (قرآن) بھی نصیحت ہے بابرکت، جسے ہم ہی نے نازل کیا ہے تو کیا پھر تم اس (کو قبول کرنے) سے انکاری ہو؟ ﴿۵۰﴾
51. And indeed, We gave Abraham his guidance before, and We were well acquainted with him.	وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾	اور یقیناً دی تھی ہم نے ابراہیمؑ کو ہدایت و دانائی اس سے بھی پہلے اور تھے ہم اس کو خُوب جاننے والے ﴿۵۱﴾
52. When he said to his father and his people: "What are these images to which you are devoted."	اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾	جب کہا اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کیسی ہیں یہ مورتیاں جن (کی پرستش) پر تم جمے بیٹھے ہو ﴿۵۲﴾
53. They said: "We found our fathers worshipping of them."	قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾	اُنھوں نے کہا: پایا ہے ہم نے اپنے آباؤ اجداد کو اِن کی عبادت کرتے ہُوئے ﴿۵۳﴾
54. He said: "Indeed you have been, you and your fathers, in manifest error."	قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾	ابراہیمؑ نے کہا: یقیناً تھے تم اور تمہارے آباؤ اجداد مُبتلا کُھلی گمراہی میں ﴿۵۴﴾
55. They said: "Have you brought us the truth, or are you of those who jest."	قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾	اُنھوں نے کہا: کیا لائے ہو تم ہمارے پاس سچّی بات یا تم مذاق کر رہے ہو؟ ﴿۵۵﴾

56. He said: "But your Lord is the Lord of the heavens and the earth, He who created them. And of that I am among the witnesses."	قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ ۫ وَاَنَا عَلٰی ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ﴿۵۶﴾	ابراہیمؑ نے کہا فی الواقع تمہارا رب وہی ہے جو مالک ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اسی نے پیدا کیا ہے اُنہیں اور مَیں تمہارے سامنے اس کی گواہی دیتا ہوں ﴿۵۶﴾
57. "And by Allah, I certainly have a plan (against) your idols after that you have gone away (and) turned your backs."	وَ تَاللّٰهِ لَاَكِیْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِیْنَ ﴿۵۷﴾	اور قسم اللہ کی! مَیں ضرور ایک چال چلوں گا تمہارے بتوں کے ساتھ اس کے بعد کہ تم چلے جاؤ گے پیٹھ پھیر کر ﴿۵۷﴾
58. So he reduced them into pieces, except the biggest of them, that they might turn to it.	فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِیْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَیْهِ یَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾	سو کر ڈالا اس نے اُنہیں ٹکڑے ٹکڑے سوائے بڑے بت کے اس خیال سے کہ وہ اس کی طرف رجوع کریں ﴿۵۸﴾
59. They said: "Who has done this to our gods. Indeed he is of the wrongdoers."	قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَاۤ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۹﴾	کہنے لگے جس نے کیا ہے یہ سلوک ہمارے خداؤں کے ساتھ یقیناً وہ بڑا ہی ظالم ہے ﴿۵۹﴾
60. They said: "We heard a young man mentioning of them, who is called Abraham."	قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی یَّذْكُرُهُمْ یُقَالُ لَهٗۤ اِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۰﴾	کچھ لوگوں نے کہا: ہم نے سُنا ہے ایک نوجوان کو جو ذکر کر رہا تھا ان کا، نام ہے اس کا ابراہیمؑ ﴿۶۰﴾
61. They said: "Then bring him before the eyes of the people that they may testify."	قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰۤی اَعْیُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَشْهَدُوْنَ ﴿۶۱﴾	کہنے لگے: اچھا تو پکڑ لاؤ اُسے لوگوں کے رُوبرُو تاکہ وہ مشاہدہ کریں (کہ اس کی کیسی خبر لی جاتی ہے) ﴿۶۱﴾
62. They said: "Is it you who has done this to our gods, O Abraham."	قَالُوْۤا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا یٰۤاِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۲﴾	کہنے لگے: کیا تو نے کی ہے یہ حرکت ہمارے خداؤں کے ساتھ اے ابراہیمؑ؟ ﴿۶۲﴾
63. He said: "But this has done it, biggest of them, this one. So ask them, if they can speak."	قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۫ كَبِیْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا یَنْطِقُوْنَ ﴿۶۳﴾	فرمایا نہیں بلکہ کیا ہے یہ کام، ان کے اس بڑے نے، سو پُوچھ لو اُن سے اگر یہ بول سکتے ہیں ﴿۶۳﴾

64. So they turned to themselves and said: "Indeed you, yourselves are the wrongdoers."	فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾	پھر پلٹے وہ اپنے ضمیر کی طرف اور کہنے لگے (اپنے دل میں) یقیناً تم ہی ظالم ہو ﴿٦٤﴾
65. Then their minds tuned upside down, (and they said): "Indeed, you know well that they do not speak."	ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٥﴾	پھر اُن کی مت پلٹ گئی (اور کہنے لگے) یقیناً تم جانتے ہو ابراہیمؑ کہ یہ بولتے نہیں ہیں ﴿٦٥﴾
66. He said: "Do you then worship besides Allah things that do not benefit you, nor harm you."	قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللهِ مَا لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾	ابراہیمؑ نے فرمایا سو کیا تم عبادت کرتے ہو اللہ کے سوا ان چیزوں کی جو نہ نفع پہنچا سکتی ہیں تمہیں ذرا بھی اور نہ نقصان پہنچا سکتی ہیں تمہیں؟ ﴿٦٦﴾
67. "Fie upon you, and to what you worship besides Allah. Have you then no sense."	اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللهِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾	تف ہے تم پر بھی اور ان پر بھی جن کو پُوجتے ہو تم اللہ کو چھوڑ کر۔ کیا تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿٦٧﴾
68. They said: "Burn him and help your gods, if you will be doing."	قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٦٨﴾	اُنہوں نے کہا جلا ڈالو اس کو اور حمایت کرو اپنے خداؤں کی اگر ہو تم کچھ کرنے والے ﴿٦٨﴾
69. We (Allah) said: "O fire, be coolness and peace upon Abraham."	قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾	حُکم دیا ہم نے اے آگ! ہو جا ٹھنڈی اور بن جا سلامتی ابراہیمؑ پر ﴿٦٩﴾
70. And they intended for him a plan, so We made them the worst losers.	وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿٧٠﴾	اور ارادہ کیا تھا اُنہوں نے ابراہیمؑ کے ساتھ بُرائی کرنے کا مگر ہم نے کر دیا اُن کو بُری طرح ناکام ﴿٧٠﴾
71. And We delivered him and Lot to the land which We had blessed for the nations.	وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾	اور بچا کر لے گئے ہم اُسے اور لوطؑ کو اُس سرزمین کی طرف کہ برکتیں رکھی ہیں ہم نے اس میں دُنیا والوں کے لیے ﴿٧١﴾
72. And We bestowed upon him Isaac, and Jacob in addition. And each We made righteous.	وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ۭ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ۭ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿٧٢﴾	اور عطا کیا ہم نے اُسے اسحٰقؑ۔ اور یعقوبؑ بھی مزید برآں اور ہر ایک کو بنایا ہم نے صالح ﴿٧٢﴾

73. And We made them leaders, guiding by Our command, and We inspired to them to do good deeds, and to establish prayers, and to give charity. And they were worshippers of Us.	وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿٧٣﴾	اور بنادیا ہم نے اُنہیں ایسے امام جو ہدایت دیتے تھے ہمارے حکم سے اور حکم دیا کی ہم نے بذریعۂ وحی انہیں نیک کام کرنے ،نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے کا ۔اور تھے وہ ہماری عبادت کرنے والے ﴿٧٣﴾
74. And Lot, We gave him judgment and knowledge, and We saved him from the town which practised abominations. They were indeed a wicked people, exceedingly disobedient.	وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ﴿٧٤﴾	اور لوطؑ کو بھی (دی تھی ہم نے ہدایت) اور عطا کیا ہم نے اسے حکم اور علم اور نجات دی ہم نے اس کو اس بستی والوں سے جو کیا کرتے تھے بُرے کام ،یقیناً تھے وہ لوگ بہت بُرے اور فاسق ﴿٧٤﴾
75. And We admitted him into Our mercy. Indeed, he was of the righteous.	وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ اِنَّهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾	اور داخل کیا ہم نے لوطؑ کو اپنی رحمت میں یقیناً وہ تھا نیک لوگوں میں سے ﴿٧٥﴾
76. And Noah, when he called upon (Us) before. So We responded to him. Then We saved him and his household from the great affliction.	وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾	اور (یاد کرو قصہ) نوحؑ کا، جب اُس نے پکارا تھا (ہمیں) ان سے پہلے تو قبول کی ہم نے دُعا اس کی اور نجات دلائی اس کو اور اُس کے گھر والوں کو بڑی مُصیبت سے ﴿٧٦﴾
77. And We helped him against the people who denied Our revelations. They were indeed an evil people, So We drowned them, all together.	وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٧٧﴾	اور ہم نے بدلہ لیا اُس کا ان لوگوں سے جنہوں نے جھٹلایا تھا ہماری آیات کو، بے شک وہ تھے لوگ بہت بُرے سو غرق کر دیا ہم نے ان سب کو ﴿٧٧﴾

78. And David and Solomon, when they judged regarding the field. When (at night) the sheep of certain people had pastured in it. And We were witnesses to their judgment.	وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿٧٨﴾	اور (یاد کرو) داؤدؑ اور سلیمانؑ (کا قصہ) جب فیصلہ کر رہے تھے وہ ایک کھیت (کے مقدمے) کا جب جا گھسی تھیں اس میں بکریاں لوگوں کی اور تھے ہم اُن کے فیصلے پر نگران ﴿٧٨﴾
79. And We gave understanding of it to Solomon, and to each (of them) We gave judgment and knowledge. And We subjected along with David the mountains to praise (Us), and (also) the birds. And We were the doers.	فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿٧٩﴾	اور دونوں کو ہی عطا کی تھی ہم نے قوّت فیصلہ اور علم اور مسخر کر دیا تھا ہم نے داؤدؑ کے ساتھ پہاڑوں کو جو تسبیح کرتے تھے اور پرندوں کو بھی اور تھے ہم ہی (یہ سب) کرنے والے ﴿٧٩﴾
80. And We taught him the art of making the coats of armor for you to protect you in your fighting (against your enemy). Will you then be grateful.	وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿٨٠﴾	اور سکھا دی تھی ہم نے اُسے صنعتِ زرہ سازی تمہارے لیے تاکہ وہ بچائے تمہیں ایک دوسرے کی مار سے، پھر کیا ہو تم (ہمارا) شکر ادا کرنے والے ﴿٨٠﴾
81. And (We subjected) for Solomon the raging wind, which blew at his command towards the land which We had blessed. And of everything We are All Knower.	وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿٨١﴾	اور (مسخر کی تھی ہم نے) سلیمانؑ کے لیے تیز ہوا جو چلتی تھی اس کے حکم سے اس سرزمین کی طرف کہ برکتیں رکھی ہیں ہم نے اِس میں۔ اور ہیں ہم ہر چیز کا علم رکھنے والے ﴿٨١﴾
82. And of the devils were those who dived (into the sea) for him, and carried out other jobs besides that. And We were guardian over them.	وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٨٢﴾	اور (مسخر کر دیے تھے اس کے لیے) شیطانوں میں سے ایسے جو غوطے لگاتے تھے اس کے لیے اور کرتے تھے بہت سے کام علاوہ اس کے، اور تھے ہم اُن کے نگران ﴿٨٢﴾

83. And Job, when he called to his Lord, (saying): "Indeed adversity has afflicted me, and You are the Most Merciful of those who are merciful."	وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٨٣﴾	اور (یاد کرو قصہ) ایوبؑ کا جب پکارا تھا اس نے اپنے رب کو، بے شک مجھے لگ گئی ہے بیماری حالانکہ تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے ﴿٨٣﴾
84. So We responded to him, and We removed what was on him, of the adversity. And We gave him (back) his household and the like thereof along with them, a mercy from Us, and a reminder for the worshippers.	فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿٨٤﴾	سو قبول کر لی ہم نے دُعا اُس کی اور دُور کر دی جو تھی اُسے تکلیف اور دیے ہم نے اُسے اس کے اہل و عیال اور اتنے ہی مزید ان کے ساتھ، یہ مہربانی تھی ہماری طرف سے اور تاکہ یاد دہانی ہو عبادت گزاروں کے لیے ﴿٨٤﴾
85. And Ishmael, and Idris, and Dhul Kifl. All were of the steadfast.	وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٨٥﴾	اور (یاد کرو قصے) اسماعیلؑ اور ادریسؑ اور ذوالکفلؑ کے یہ سب تھے صبر کرنے والے ﴿٨٥﴾
86. And We admitted them into Our mercy. Indeed, they were of the righteous.	وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٦﴾	اور داخل کیا تھا ہم نے ان کو اپنی رحمت میں۔ یقیناً وہ تھے صالحین میں سے ﴿٨٦﴾
87. And Dhun Nun (Jonah), when he went off in anger, then he thought that We had no power over him. Then he called out in the darkness, (saying): "There is no god except You. Be You glorified. Indeed, I have been of the wrongdoers.	وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾	اور (یاد کرو قصہ) مچھلی والے کا جب چلے گئے تھے وہ ناراض ہو کر اور انہیں خیال ہوا تھا کہ نہ گرفت کریں گے ہم اس پر آخر کار پکارا وہ اندھیروں میں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے، پاک ہے تیری ذات، بے شک میں ہی تھا قصوروار ﴿٨٧﴾
88. So We responded to him, and We saved him from the anguish. And thus do We save the believers.	فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾	پس قبول کر لی ہم نے دُعا اُس کی اور نجات بخشی اُسے غم سے اور اسی طرح ہم نجات دیتے ہیں مومنوں کو ﴿٨٨﴾

89. And Zachariah, when he called to his Lord: "My Lord, do not leave me alone (without heir), and You are the best of the inheritors."	وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٨٩﴾	اور (یاد کرو قصہ) زکریاؑ کا جب پکارا اس نے اپنے رب کو اے میرے مالک! نہ چھوڑنا مجھے اکیلا اور آپ ہی ہیں بہترین وارث ﴿٨٩﴾
90. So We responded to him, and We bestowed upon him John, and We cured his wife for him. Indeed, they used to hasten in doing good deeds, and they used to call on Us with hope and fear. And they used to humble themselves before Us.	فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۪ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿٩٠﴾	پس قبول کرلی ہم نے دُعا اس کی اور عطا کیا اسے یحییٰؑ اور درست کر دیا ہم نے اس کی خاطر اس کی بیوی کو، یقیناً یہ سب لوگ دوڑ دھوپ کیا کرتے تھے نیکی کے کاموں میں اور پکارتے تھے ہم کو رغبت اور خوف سے اور تھے ہمارے حضور جھکے رہنے والے ﴿٩٠﴾
91. And she (Mary) who guarded her chastity, so We breathed into her through Our Spirit (angel), and We made her and her son a sign for peoples.	وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩١﴾	اور وہ خاتون (مریم) جس نے حفاظت کی اپنی عصمت کی سو پھونکا ہم نے اس میں اپنی رُوح میں سے اور بنا دیا اُسے اور اس کے بیٹے کو (اپنی قدرت کی) نشانی جہاں والوں کے لیے ﴿٩١﴾
92. Indeed, this your religion, is one religion, and I am your Lord, so worship Me.	اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۠ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿٩٢﴾	درحقیقت یہ (جو بیان ہوا) تمہارا طریقِ زندگی ہے جو ایک ہی دین ہے اور مَیں تمہارا رب ہُوں سو میری ہی عبادت کرو ﴿٩٢﴾
93. And they have divided their affair (religion, into factions) among themselves. They shall all return to Us.	وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿٩٣﴾	مگر اُنھوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اپنے دین کو آپس میں سب کو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے ﴿٩٣﴾
94. So whoever does of righteous deeds and he is a believer, then there will be no rejection of his effort. And indeed, We record (it) for him.	فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿٩٤﴾	سو جو شخص کرے گا نیک اعمال اور ہو بھی وہ مومن تو ناقدری نہ ہوگی اس کی محنت کی اور یقیناً ہم اس کو لکھ رہے ہیں ﴿٩٤﴾

95. And there is a prohibition upon (people of) a town, which We have destroyed, that they shall not return. (to this world).	وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٩٥﴾	اور طے ہو چکا ہے اس بستی کے لیے جسے ہلاک کر دیا ہے ہم نے کہ وہ نہیں پلٹ سکیں گے ﴿٩٥﴾
96. Until, when Gog and Magog are let loose, and they descend from every mound.	حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿٩٦﴾	یہاں تک کہ جب کھول دیئے جائیں گے یاجوج اور ماجوج اور وہ ہر بلندی سے نکل پڑیں گے ﴿٩٦﴾
97. And the true promise shall draw near. Then behold, the eyes of those who disbelieved will stare in horror. (They will say): "O woe to us, we were indeed heedless of this, but we were wrongdoers."	وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِىَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِىْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٩٧﴾	اور قریب آ لگے گا وقت وعدۂ برحق (کے پورے ہونے) کا تو یکایک پھٹے کے پھٹے رہ جائیں گے دیدے ان لوگوں کے جنہوں نے کفر کیا تھا۔ (کہیں گے) ہائے ہماری کمبختی! یقیناً رہے ہم ہی غافل اس سے بلکہ تھے ہم ہی ظلم کرنے والے ﴿٩٧﴾
98. Indeed, you (disbelievers) and that which you worship besides Allah are fuel for Hell. To it will you (surely) come.	اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿٩٨﴾	یقیناً تم اور وہ سب جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا ایندھن ہیں جہنم کا۔ تم اسی میں داخل ہو کر رہو گے ﴿٩٨﴾
99. If these (idols) had been gods, they would not have come there, and all will abide therein.	لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٩٩﴾	اگر ہوتے یہ لوگ خدا تو نہ جاتے اس میں اور یہ سب اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٩٩﴾
100. For them, therein, will be wailing. And they, therein, will not hear (anything else).	لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿١٠٠﴾	وہ اس میں چیخیں چلائیں گے اور وہ وہاں (کچھ) نہ سن سکیں گے ﴿١٠٠﴾
101. Indeed, those to whom kindness has gone forth before from Us, they will be far removed from it (Hell).	اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿١٠١﴾	بے شک وہ لوگ کہ (فیصلہ) ہو چکا ہے پہلے ہی جن کے لیے ہماری طرف سے اچھے انجام کا یہ اس سے دُور رکھے جائیں گے ﴿١٠١﴾

102. They will not hear the slightest sound of it (Hell). And they will be in that which their selves desire, abiding forever.	لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٢﴾	نہ سنیں گے وہ اس کی سرسراہٹ بھی اور وہ ان (نعمتوں) میں جن کی خواہش کریں گے اُن کے جی ـــــ ہمیشہ رہیں گے ﴿١٠٢﴾
103. They will not be grieved by the greatest horror, and the angels will meet them, (saying): "This is your Day which you have been promised."	لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٣﴾	نہ غمگین ہوں گے وہ انتہائی گھبراہٹ میں بھی اور استقبال کریں گے اُن کا فرشتے کہ یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ﴿١٠٣﴾
104. The Day when We shall fold the heaven as a recorder folds up a written scroll. As We began the first creation, We shall repeat it. (That is) a promise (binding) upon Us. Indeed, We shall do it.	يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاۗءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۭ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۭ وَعْدًا عَلَيْنَا ۭ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٠٤﴾	جس دن لپیٹ دیں گے ہم آسمان کو اس طرح جیسے سمیٹے جاتے ہیں دفتر میں مکتوبات۔ جس طرح ابتدا کی تھی ہم نے پہلے تخلیق کی (اُسی طرح) ہم پھر اس کا اعادہ کریں گے۔ یہ ایک وعدہ ہے ہمارے ذمّہ یہ ہم ضرور کر کے رہیں گے ﴿١٠٤﴾
105. And indeed, We have written in the Scripture, after the Reminder, that the earth shall be inherited by My righteous slaves.	وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿١٠٥﴾	اور بے شک ہم لکھ چکے ہیں زبور میں نصیحت کے بعد کہ بے شک زمین کے وارث ہوں گے میرے وہ بندے جو نیک ہوں گے ﴿١٠٥﴾
106. Indeed, in this (Quran) there is a plain message for a people who worship (Allah).	اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿١٠٦﴾	یقیناً اس میں ایک بڑی آگاہی ہے عبادت گزار لوگوں کے لیے ﴿١٠٦﴾

107. And We have not sent you (O Muhammad) except as a mercy for all the worlds.	وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٧﴾	اور نہیں بھیجا ہے ہم نے تم کو اے نبیؐ مگر رحمت بنا کر جہاں والوں کے لیے ﴿١٠٧﴾
108. Say: "It is only revealed to me that your god is only one God. Will you then surrender."	قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٠٨﴾	کہہ دو! ساری بات یہ ہے کہ وحی بھیجی جاتی ہے میری طرف کہ درحقیقت تمہارا معبود الٰہ واحد ہے سو کیا تم سر جھکاتے ہو ﴿١٠٨﴾
109. So, if they turn away, then say: "I have announced to you all alike. And I know not, whether it is near or far that which you are promised."	فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۭ وَاِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٩﴾	پھر اگر وہ منہ پھیریں (اس سے) تو کہو خبردار کر دیا ہے میں نے تم کو علانیہ طور پر اور نہیں جانتا میں کہ قریب ہے یا دُور وہ چیز جس کا وعدہ کیا جا رہا ہے تم سے ﴿١٠٩﴾
110. Indeed, He knows of that which is said loudly, and He knows what you conceal.	اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿١١٠﴾	یقیناً اللہ ہی جانتا ہے بلند آواز میں کہی ہوئی بات اور جانتا ہے وہ جو تم چھپاتے ہو ﴿١١٠﴾
111. "And I know not, perhaps this may be a trial for you and an enjoyment for a fixed time."	وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿١١١﴾	اور نہیں معلوم مجھے یہ بھی شاید کہ یہ ہو ایک فتنہ تمہارے لیے اور فائدہ اٹھانے کا موقع دیا جا رہا ہو ایک مدّت تک کے لیے ﴿١١١﴾
112. He (Muhammad) said: "My Lord, judge with truth. And our Lord is the Beneficent, whose help is sought against that which you ascribe."	قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰي مَا تَصِفُوْنَ ﴿١١٢﴾	رسولؐ نے کہا: اے میرے مالک! فیصلہ کر دے حق کے مطابق۔ اور ہمارا ربِ رحمٰن ہی مددگار اور سہارا ہے ان باتوں کے مقابلہ میں جو تم بنا رہے ہو ﴿١١٢﴾



AlHajj

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. O mankind, fear your Lord. Indeed, the earthquake of the Hour (of Judgment) is a tremendous thing.	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝١	اے انسانو! ڈرو اپنے رب سے، بے شک زلزلہ قیامت کا بڑی (ہولناک) چیز ہے ۝١
2. On the day you see it, every nursing mother will forget her nursling, and every pregnant one will be delivered of her burden, and you shall see mankind as drunken, yet they will not be drunken, but the punishment of Allah is severe.	يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝٢	جس دن دیکھو گے تم اُسے (کیفیت یہ ہوگی کہ) غافل ہو جائے گی ہر دودھ پلانے والی اپنے دُودھ پیتے بچّہ سے اور گرا دے گی ہر حاملہ اپنا حمل اور دکھائی دیں گے تم کو لوگ مدہوش، حالانکہ نہیں ہوں گے وہ نشے میں بلکہ یہ عذاب ہوگا اللہ کا، بہت سخت ۝٢
3. And among mankind is he who disputes about Allah without knowledge, and follows every rebellious devil.	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۝٣	اور بعض انسان ایسے ہیں جو بحثیں کرتے ہیں اللہ کے بارے میں بغیر علم کے اور پیروی کرتے ہیں ہر شیطانِ سرکش کی ۝٣
4. It is decreed for him that whoever takes him for friend, he will indeed misguide him and will lead him to the punishment of the Flame.	كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝٤	حالانکہ لکھ دیا گیا ہے شیطان کے نصیب میں کہ جو دوست بنائے گا اُس کو تو وہ یقیناً گمراہ کر دے گا اُسے اور دکھائے گا اُسے راستہ جہنّم کے عذاب کا ۝٤

5. O mankind, if you are in doubt about the Resurrection, then indeed We have created you from dust, then from a drop of sperm, then from a clot, then from a lump of flesh, formed and unformed, that We may make (it) clear for you. And We cause to remain in the wombs, what We will, for an appointed term, then We bring you forth as infants, then (give you growth) that you reach your full strength. And among you there is he who dies (young), and among you there is he who is brought back to the miserable old age, so that after knowledge, he knows nothing. And you see the earth barren, but when We send down water on it, it does thrill and swell and puts forth every lovely kind (of growth).	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَاۗءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـــًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝۵	اے انسانو! اگر تمہیں ہے شک جی اُٹھنے میں مرنے کے بعد تو واقعہ یہ ہے کہ ہم ہی نے پیدا کیا ہے تم کو مٹی سے پھر نطفہ سے پھر خون کے لوتھڑے سے پھر بوٹی سے جو شکل والی بھی ہوتی ہے اور بے شکل بھی تاکہ ظاہر کریں ہم تم پر (اپنی قدرت و حکمت)۔ اور ٹھہراتے ہیں ہم رحموں میں جس کو چاہیں ایک وقتِ مقرر تک پھر نکال لاتے ہیں ہم تم کو ایک بچہ کی صورت میں پھر (پرورش کرتے ہیں تمہاری) تاکہ پہنچو تم اپنی جوانی کو اور تم میں سے کچھ ایسے ہیں جو مر جاتے ہیں اور تم میں سے کچھ ایسے ہیں جنہیں لوٹا دیا جاتا ہے بدترین عمر کی طرف تاکہ نہ جانے وہ سب کچھ جاننے کے بعد، کچھ بھی ــــ اور دیکھتے ہو تم زمین کو کہ سوکھی پڑی ہے پھر جونہی برساتے ہیں ہم اس پر پانی تو وہ لہلہا اُٹھتی ہے اور پھولنے لگتی ہے اور اُگاتی ہے ہر قسم کی خوش منظر (نباتات) ۝۵
6. That is because Allah, He is the Truth, and it is He who gives life to the dead, and it is He who is Able to do all things.	ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶	یہ سب اس وجہ سے ہے کہ اللہ ہی حق ہے اور وہی زندہ کرتا ہے مُردوں کو اور یقیناً وہ ہر چیز پر پُوری طرح قادر ہے ۝۶

7. And certainly, the Hour is coming, there is no doubt about it. And certainly, Allah will resurrect those who are in the graves.	وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِى الْقُبُوْرِ ۝٧	اور یہ کہ قیامت ضرور آئے گی، نہیں کوئی شک اُس (کے آنے) میں اور یہ کہ اللہ ضرور اُٹھائے گا اُنہیں جو جا چکے ہیں قبروں میں ۝٧
8. And among mankind is he who disputes about Allah without knowledge, and without guidance, and without a Book giving light.	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝٨	اور کچھ انسان ایسے بھی ہیں جو بحثیں کرتے ہیں اللہ کے بارے میں بغیر علم کے حالانکہ نہ اُنہیں ہدایت ملی ہے اور نہ اُن کے پاس روشن کتاب ہے ۝٨
9. Turning away his neck (in arrogance) to lead (men) astray from the way of Allah. For him in this world is disgrace, and We shall make him taste, on the Day of Resurrection, the punishment of burning.	ثَانِىَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِى الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝٩	اکڑائے ہُوئے اپنی گردنوں کو، تاکہ گمراہ کریں (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے۔ ایسوں کے لیے ہے دُنیا میں رسوائی اور چکھائیں گے اُنہیں ہم روزِ قیامت عذاب جلتی آگ کا ۝٩
10. That is because of what your hands have sent before, and indeed Allah is not oppressor of His slaves.	ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝١٠	(کہا جائے گا) یہ بدلہ ہے ان (اعمال) کا جو آگے بھیجے تھے تمہارے ہاتھوں نے اور یقیناً اللہ نہیں ہے ظلم کرنے والا اپنے بندوں پر ۝١٠
11. And among mankind is he who worships Allah upon a narrow edge, so if good befalls him, he is content therewith. And if a trial befalls him, he turns back on his face. He has lost (both) the world and the Hereafter. That is what is the manifest loss.	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝١١	اور انسانوں میں کوئی ایسا ہے جو بندگی کرتا ہے اللہ کی کنارے پر رہ کر پھر اگر پہنچے اُسے کوئی فائدہ تو مطمئن ہو جاتا ہے اس کی وجہ سے اور اگر پہنچتا ہے اُسے کوئی فتنہ تو الٹا پھر جاتا ہے اپنے منہ کے بل۔ گنوا دی اس نے دُنیا بھی اور آخرت بھی یہی ہے کھُلا گھاٹا ۝١١

12. He calls upon besides Allah that which hurts him not, and that which profits him not. That is what is the straying far away.	يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۲﴾	پکارتا ہے اللہ کے سوا ان کو جو نہ نقصان پہنچا سکتے ہیں اسے اور انہیں جو نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اُسے۔ یہی ہے گمراہی پرلے درجے کی ﴿۱۲﴾
13. He calls unto him whose harm is nearer than his benefit. Certainly an evil patron and certainly an evil associate.	يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾	پکارتا ہے وہ اُسے جس کا نقصان زیادہ قریب ہے اُس کے فائدے سے۔ کیا ہی بُرا ہے آقا اور کیا ہی بُرا ہے رفیق ﴿۱۳﴾
14. Indeed, Allah will admit those who believe and do righteous deeds into gardens beneath which rivers flow. Indeed, Allah does what He intends.	اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱۴﴾	یقیناً اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کیے انہوں نے نیک عمل، ایسی جنتوں میں کہ بہہ رہی ہوں گی اُن کے نیچے نہریں۔ بے شک اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے ﴿۱۴﴾
15. Whoever thinks that Allah will not help him (Muhammad) in this world and the Hereafter, so let him stretch a rope up to the sky, then cut it off. Then let him see if his strategy will take away that which enrages (him).	مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾	جو شخص رکھتا ہے یہ گمان کہ ہرگز نہیں مدد کرے گا اس کی اللہ دُنیا میں اور آخرت میں، اُسے چاہیے کہ چڑھ جائے ایک رسّی کے ذریعہ آسمان تک اور کاٹ ڈالے پھر دیکھے کیا دُور کرتی ہے اس کی یہ تدبیر اس چیز کو جو اسے ناگوار ہے ﴿۱۵﴾
16. And thus have We sent it down as clear signs, and surely, Allah guides whom He intends.	وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾	اور اسی طرح نازل کیا ہے ہم نے قرآن کو کھلی کھلی نشانیوں کی صورت میں اور یقیناً اللہ ہی ہدایت دیتا ہے جس کو چاہے ﴿۱۶﴾

17. Indeed, those who believe (this revelation), and those who are Jews, and the Sabaeans, and the Christians, and the Magians, and those who associate (others besides Allah), indeed Allah will judge between them on the Day of Resurrection. Indeed, Allah is Witness over all things.	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـِٕيْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ⑰	بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور صابئین اور نصاریٰ اور مجوس اور وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا بے شک اللہ فیصلہ فرمائے گا ان سب کے درمیان روزِ قیامت۔ یقیناً اللہ ہر چیز پر نگران ہے ⑰
18. Do you not see that to Allah prostrates whoever is in the heavens and whoever is on the earth, and the sun, and the moon, and the stars, and the mountains, and the trees, and the beasts, and many of mankind. But there are many on whom the punishment is justified. And he whom Allah disgraces, so for him there is no bestower of honor. Indeed, Allah does what He wills. AsSajda	اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۗبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ⑱	کیا نہیں دیکھتے تم کہ بے شک یہ اللہ ہی ہے کہ سجدہ کرتے ہیں جسے وہ سب جو ہیں آسمانوں میں اور وہ بھی جو ہیں زمین میں اور سُورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور اور بہت سے انسان بھی۔ اور بہت سے ایسے بھی ہیں کہ لازم ہو چکا ہے ان کے لیے عذاب، اور جسے ذلیل کر دے اللہ تو نہیں ہے اُس کے لیے کوئی عزّت دینے والا بے شک اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے ⑱ السجدہ
19. These twain (believers and disbelievers) are two adversaries who dispute with each other about their Lord. Then as for those who disbelieve, garments of fire will be cut out for them. Boiling fluid will be poured down on their heads.	هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۡ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ⑲	یہ دو فریق ہیں جن کے درمیان جھگڑا ہے اپنے رب کے معاملہ میں سو وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا تراشے جا چکے ہیں ان کے لیے لباس آگ کے، اور ڈالا جائے گا اُن کے سروں کے اُوپر سے کھولتا ہُوا پانی ⑲

20. With it will melt away what is within their bellies, and the skins.	يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ﴿٢٠﴾	گل جائیں گی اس سے تمام وہ چیزیں جو ہیں اُن کے پیٹوں میں اور کھالیں بھی ﴿٢٠﴾
21. And for them are hooked rods of iron.	وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿٢١﴾	اور ان کے لیے گُرز ہوں گے لوہے کے ﴿٢١﴾
22. Whenever they would want to get out of it, from anguish, they will be driven back therein. (It will be said): "And taste the punishment of burning."	كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۙ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿٢٢﴾	جب بھی ارادہ کریں گے وہ نکلنے کا اس میں سے گھبرا کر دھکیل دیے جائیں گے پھر اُسی میں اور (کہا جائے گا) چکھو مزا جلنے کی سزا کا ﴿٢٢﴾
23. Indeed, Allah will admit those who believe and do righteous deeds to gardens underneath which rivers flow. They will be adorned therein with bracelets of gold and pearls, and their garments therein will be silk.	اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿٢٣﴾	یقیناً اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کیے اُنھوں نے نیک عمل ایسی جنتوں میں کہ بہہ رہی ہیں اُن کے نیچے نہریں، پہنائے جائیں گے ان کو وہاں کنگن سونے کے اور موتی، اور اُن کا لباس وہاں ریشم ہو گا ﴿٢٣﴾
24. And they are guided unto gentle speech, and they are guided to the path of the Praiseworthy.	وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿٢٤﴾	اور ہدایت بخشی گئی اُن کو پاکیزہ بات (قبول کرنے) کی اور ہدایت بخشی گئی انھیں اس راستہ کی جو لائقِ حمد (اللہ) کا ہے ﴿٢٤﴾

25. Indeed, those who disbelieve and hinder (others) from the way of Allah and al-Masjid al-Haram, which We have appointed for the mankind, equally for those who dwell therein and for those who come from outside. And whoever intends evil wrongfully therein, We shall make him taste of a painful punishment.	اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَاۤءً ۨالْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ۭ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۲۵	بے شک وہ لوگ جو کافر ہیں اور روکتے ہیں اللہ کی راہ سے اور مسجدِ حرام سے جسے بنایا ہے ہم نے سب انسانوں کے لیے برابر ہیں مقامی لوگ، اس میں اور باہر سے آنے والے بھی اور جو شخص بھی ارادہ کرے گا اس میں راستی سے ہٹ کر کسی قسم کے ظلم کا، چکھائیں گے ہم اُسے مزا دردناک عذاب کا ۝۲۵
26. And when We designated for Abraham the site of the House (saying): "Do not associate anything with Me, and purify My House (Kabah) for those who walk around it and those who stand and those who bow and make prostration."	وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـــًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْقَاۗىِٕمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۝۲۶	اور (یاد کرو) جب مقرر کی تھی ہم نے ابراہیمؑ کے لیے جگہ اس گھر کی اس ہدایت کے ساتھ کہ نہ شریک بنانا میرے ساتھ کسی چیز کو اور پاک رکھنا میرے گھر کو طواف کرنے والوں کے لیے، قیام کرنے والوں کے لیے اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لیے ۝۲۶
27. "And proclaim to mankind the pilgrimage. They will come to you on foot and on every lean camel, they will come from every deep ravine."	وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰي كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ۝۲۷	اور اعلان کر دو انسانوں میں حج کا، آئیں گے وہ تمہارے پاس پیدل چل کر اور دُبلے دُبلے اُونٹوں پر جو چلے آ رہے ہوں گے تمام دور دراز راستوں سے ۝۲۷

28. That they may witness things that are of benefit to them, and mention the name of Allah in appointed days over what He has provided for them of the beast of cattle. Then eat of them and feed the distressed and the needy.	لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿٢٨﴾	تاکہ دیکھیں وہ ان فوائد کو جو ان کے لیے ہیں (حج میں) اور لیں اللہ کا نام چند مقررہ دنوں میں ان (جانوروں) پر جو بخشے ہیں اللہ نے انہیں از قسم مویشی پھر کھاؤ تم خود بھی اس میں سے اور کھلاؤ بھوک کے مارے محتاجوں کو بھی ﴿٢٨﴾
29. Then let them complete the prescribed duties for them, and fulfill their vows, and go around the ancient House.	ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٢٩﴾	پھر چاہیے کہ دُور کریں اپنا میل کچیل اور پُوری کریں اپنی نذریں اور طواف کریں اس قدیم گھر کا ﴿٢٩﴾
30. Thus (it is). And whoever honors the sacred ordinance of Allah, then that is better for him with his Lord. And cattle have been made lawful for you except those recited to you (as unlawful). So avoid the uncleanliness of idols, and avoid false speech.	ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۗ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿٣٠﴾	یہ تھا (تعمیر کعبہ کا مقصد) اور جو احترام کرے اللہ کی قائم کردہ حرمتوں کا تو یہ بہتر ہوگا اس کے حق میں اس کے رب کے نزدیک اور حلال کیے گئے ہیں تمہارے لیے مویشی سوائے اُن کے جو بتائے جا چکے ہیں تمہیں سو پرہیز کرو بتوں کی ناپاکی سے اور پرہیز کرو جھوٹی بات سے ﴿٣٠﴾
31. Turning unto Allah (only), not associating (partners) with Him. And whoever associates (partners) with Allah, it is then as if he had fallen from the sky, then he was snatched by the birds, or the wind had blown him to a far off place.	حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ۗ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿٣١﴾	یکسو ہو کر، ہو رہو اللہ کے اور نہ ٹھہراؤ شریک (کسی کو) اس کے ساتھ ۔ اور جو شرک کرتا ہے اللہ کے ساتھ تو وہ ایسا ہے جیسے گر گیا ہو آسمان سے اور اُچک لے جائیں اُسے پرندے یا جا پھینکے اُسے ہوا کسی دُور دراز مقام پر ﴿٣١﴾

32. Thus (it is). And whoever honors the symbols (rites) of Allah, then indeed it is from the piety of the hearts.	ذٰلِكَ ۣ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿٣٢﴾	یہ ہے اصل معاملہ اور جو تعظیم کرتا ہے اللہ کی نشانیوں کی سو یقیناً یہ (تعظیم کرنا) دل کا تقویٰ ہے ﴿٣٢﴾
33. Therein are benefits for you for an appointed term, and afterwards their place of sacrifice is at the ancient House.	لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٣٣﴾	تمہارے لیے ان جانوروں میں فائدے ہیں ایک وقت مقرر تک پھر ان کے حلال ہونے کی جگہ ہے اُس قدیم گھر کے پاس ﴿٣٣﴾
34. And for every nation have We appointed a ritual, that they may mention the name of Allah over what He has provided them of the beast of cattle. For your god is one God, so surrender unto Him. And give good tidings (O Muhammad) to those who humble themselves (to Allah).	وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۗ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ۗ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿٣٤﴾	اور ہر اُمت کے لیے مقرر کیا ہے ہم نے قربانی کا ایک قاعدہ تاکہ لیں وہ نام اللہ کا اُن (جانوروں) پر جو دیے ہیں اُس نے اُن کو از قسم مویشی، اس لیے کہ تمہارا معبود اِلٰہِ واحد ہے سو اسی کے مطیع فرمان بنو اور (اے نبیؐ) بشارت دے دو عاجزی اختیار کرنے والوں کو ﴿٣٤﴾
35. Those who, when Allah is mentioned, their hearts are filled with fear, and who are patient over what may afflict them, and who establish prayer, and who spend of what We have provided them.	الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِى الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٣٥﴾	جن کا حال یہ ہے کہ جب ذکر کیا جاتا ہے اللہ کا تو کانپ اُٹھتے ہیں ان کے دل اور جو صبر کرتے ہیں اس (مصیبت) پر جو آتی ہے اُن پر اور قائم کرتے ہیں نماز اور اس میں سے جو دیا ہے ہم نے انہیں خرچ کرتے ہیں ﴿٣٥﴾

36. And the camels, We have appointed them for you among the symbols (rites) of Allah, in them is much good for you. So mention the name of Allah over them when they are lined up (for sacrifice). Then, when they are down on their sides (after slaughter), then eat from them, and feed those that are content and those that mention their needs. Thus have We made them (animals) subject to you, that you may give thanks.	وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۭ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝	اور قربانی کے اُونٹ، شامل کیا ہے ہم نے ان کو تمہارے لیے اللہ کی نشانیوں میں۔ تمہارے لیے اُن میں بھلائی ہے سولو نام اللہ کا اُن پر صف میں کھڑا کر کے پھر جب گر جائیں وہ پہلو کے بل تو کھاؤ خود بھی اس میں سے اور کھلاؤ صبر سے بیٹھے ہوؤں کو اور سوال کرنے والوں کو بھی۔ اس طرح مسخر کیا ہے ہم نے اُنہیں تمہارے لیے تاکہ تم شکر ادا کرو ۝
37. Neither their meat that reaches Allah nor their blood, but what reaches Him is the piety from you. Thus have We made them subject to you that you may glorify Allah for that (to) which He has guided you. And give good tidings to those who do good.	لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۭ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰي مَا هَدٰىكُمْ ۭ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ۝	نہیں پہنچتے ہیں اللہ کو ان کے گوشت اور نہ ان کے خون لیکن پہنچتا ہے اُسے تقویٰ تمہارا اس طرح مسخر کیا ہے اُنہیں تمہارے لیے تاکہ تم کبریائی بیان کرو اللہ کی اس پر جو ہدایت بخشی ہے اس نے تمہیں اور بشارت دے دو نیکوکار لوگوں کو ۝
38. Indeed, Allah defends those who believe. Indeed, Allah loves not each treacherous ingrate.	اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝	یقیناً اللہ مدافعت کرے گا ان لوگوں کی طرف سے جو ایمان لائے ہیں، یقیناً اللہ نہیں پسند کرتا کسی خیانت کرنے والے ناشکرے کو ۝
39. Permission is given to those who fight because they have been wronged. And indeed Allah is Able to give them victory.	اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰي نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُۨ ۝	اجازت دے دی گئی ہے (جنگ کی) ان لوگوں کو جن سے جنگ کی جا رہی ہے کیونکہ وہ مظلوم ہیں اور بے شک اللہ اُن کی مدد پر ہر طرح قادر ہے ۝

40. Those who have been expelled from their homes unjustly only because they said: "Our Lord is Allah." And if it was not for Allah's repelling some men by means of others, assuredly would have been demolished monasteries, and churches, and synagogues, and mosques, wherein the name of Allah is much mentioned. And Allah surely helps those who help Him. Indeed, Allah is All Strong, All Almighty.	الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۭ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝۴۰	یہ وہ لوگ ہیں جو نکال دیے گئے اپنے گھروں سے ناحق صرف (اس قصور پر) کہ وہ کہتے تھے ہمارا رب اللہ ہے اور اگر نہ دفع کرتا رہتا اللہ انسانوں میں سے بعض کو بعض کے ذریعہ سے تو ضرور مسمار کر دی جاتیں خانقاہیں، گرجے، عبادت خانے اور مسجدیں جن میں لیا جاتا ہے اللہ کا نام کثرت سے اور ضرور مدد کرتا ہے اللہ اُن کی جو اس کی مدد کرتے ہیں یقیناً ہے اللہ بہت طاقتور اور زبردست ۝۴۰
41. Those who, if We give them authority in the land, establish prayer and give charity and enjoin what is right and forbid what is wrong. And with Allah rests the outcome of (all) matters.	اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝۴۱	یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر اقتدار بخشیں ہم اُنہیں زمین میں تو قائم کرتے ہیں نماز اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور حکم کرتے ہیں نیکی کا اور منع کرتے ہیں بُرائی سے۔ اور اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے انجام سب کاموں کا ۝۴۱
42. And if they deny you (O Muhammad), so surely the people of Noah, and (the tribes of) Aad and Thamud, before them, denied (Our messengers).	وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ۝۴۲	اور اگر یہ جھٹلاتے ہیں تم کو (تو کچھ عجب نہیں) اس لیے کہ جھٹلا چکی ہیں ان سے پہلے قوم نوحؑ اور عاد و ثمود ۝۴۲
43. And the people of Abraham and the people of Lot.	وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ۝۴۳	اور قومِ ابراہیمؑ اور قومِ لوطؑ ۝۴۳

44. And the dwellers of Midian. And Moses was denied, so I gave respite to the disbelievers, then I seized them. So how (terrible) was My rejection (of them).	وَّ اَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَ كُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾	اور مدین والے ۔اور جھٹلائے گئے تھے موسیٰ بھی تو مُہلت دی مَیں نے کافروں کو پھر پکڑ لیا اُنہیں تو (دیکھ لو) کیسا تھا میرا عذاب ﴿۴۴﴾
45. Then how many a township have We destroyed while they were wrong doers. So they tumbled down on their roofs. And (How many) wells (lie) abandoned and (how many) lofty palaces (lie in ruins).	فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّ قَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾	غرض کتنی ہی بستیاں ہیں کہ ہلاک کیا ہم نے ان کو اس حالت میں کہ وہ ظلم کر رہی تھیں سو وہ اب اُلٹی پڑی ہیں اپنی چھتوں کے بل اور کتنے ہی کنوئیں ناکارہ ہیں اور مضبوط محل (ویران پڑے ہیں) ﴿۴۵﴾
46. Have they not traveled in the land, so they have their hearts by which they might understand, or ears by which they might listen. For indeed, it is not the eyes that are blinded, it is rather the hearts in the breasts that are blinded.	اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾	تو کیا نہیں چلے پھرے یہ زمین میں کہ حاصل ہو جاتے اُن کو ایسے دل کہ سمجھتے یہ اُن سے یا ایسے کان کہ سُنتے یہ ان سے (حق بات) واقعہ یہ ہے کہ نہیں اندھی ہوتی ہیں آنکھیں بلکہ اندھے ہو جاتے ہیں وہ دل جو سینوں میں ہیں ﴿۴۶﴾
47. And they ask you to hasten on the punishment, and Allah will never fail in His promise. And indeed, a day with your Lord is like a thousand years of that which you count.	وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾	اور جلدی مچا رہے ہیں یہ لوگ تم سے عذاب کے لیے حالانکہ ہرگز نہیں خلاف کرتا اللہ اپنے وعدہ کے اور دراصل ایک دن تیرے رب کے نزدیک ایک ہزار سال کے برابر ہے تمہارے حساب کی رُو سے ﴿۴۷﴾
48. And how many a township did I give respite to, while they were wrong doers, then I seized them. And to Me is the return.	وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾	اور کتنی ہی بستیاں ہیں کہ مہلت دی ہم نے اُنہیں (پہلے) جبکہ وہ ظالم تھیں پھر پکڑ لیا ہم نے اُنہیں اور میرے ہی پاس سب کو لوٹ کر آنا ہے ﴿۴۸﴾

49. Say: "O mankind, I am only a clear warner to you."	قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٤٩﴾	کہہ دو (اے نبیؐ) اے لوگو! درحقیقت میں تو بس تمہیں خبردار کرنے والا ہوں واضح طور پر ﴿٤٩﴾
50. So those who believe and do righteous deeds, for them is forgiveness and a noble provision.	فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٥٠﴾	سو جو لوگ ایمان لائے اور کیے اُنہوں نے اچھے عمل ان کے لیے ہے مغفرت اور روزی عزت کی ﴿٥٠﴾
51. And those who strive against Our revelations to frustrate them, they are companions of the Fire.	وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿٥١﴾	اور وہ لوگ جو کوشش کریں گے ہماری آیات کو نیچا دکھانے کی ایسے ہی لوگ اہلِ دوزخ ہیں ﴿٥١﴾
52. And We did not send before you a messenger, nor a prophet except that when he recited, Satan threw (falsehood) into that which he recited thereof. But Allah abolishes that which Satan throws in, then Allah establishes His revelations. And Allah is All Knower, All Wise.	وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٥٢﴾	اور نہیں بھیجا ہم نے تم سے پہلے کوئی رسُول اور نہ کوئی نبی مگر (ایسا ہوتا رہا) کہ جب اس نے تلاوت کی تو خلل انداز ہُوا شیطان اُس کی تلاوت میں۔ پھر مٹا دیتا رہا اللہ اس خلل اندازی کو جو شیطان کرتا رہا پھر پختہ کر دیتا رہا اللہ اپنی آیات کو اور اللہ علیم و حکیم ہے ﴿٥٢﴾
53. That He (Allah) may make that which the Satan throws in a trial for those in whose hearts there is a disease, and those whose hearts are hardened. And certainly, the wrong doers are too far in their dissension.	لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿٥٣﴾	یہ اس لیے کرتا ہے کہ بنا دے اللہ شیطان کے ڈالے ہُوئے خلل کو آزمائش ان لوگوں کے لیے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور سخت ہیں جن کے دل اور بے شک یہ ظالم مخالفت میں بہت دُور نکل گئے ہیں ﴿٥٣﴾

54. And that those who have been given knowledge may know that it is the truth from your Lord, so that they may believe in it, and their hearts may submit humbly to Him. And certainly Allah is the Guide of those who believe to the straight path.	وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾	اور اس لیے بھی کرتا ہے کہ جان لیں وہ لوگ جنہیں دیا گیا ہے علم کہ بے شک قرآن حق ہے تیرے رب کی طرف سے پھر وہ ایمان لے آئیں اس پر اور جھک جائیں اس کے آگے ان کے دل۔ اور یقیناً اللہ ہدایت دیتا ہے ان لوگوں کو جو ایمان لائے سیدھے راستے کی ﴿۵۴﴾
55. And those who disbelieve will not cease to be in doubt about it (this Quran) until the Hour comes to them unexpectedly, or there comes to them the punishment of a disastrous day.	وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾	اور ہمیشہ پڑے رہیں گے وہ لوگ جو کافر ہیں شک میں اس کے بارے میں حتیٰ کہ آجائے گی اُن پر قیامت کی گھڑی اچانک یا آجائے گا اُن پر عذاب نامبارک دن کا ﴿۵۵﴾
56. The Sovereignty that day will be for Allah. He will judge between them. Then those who believed and did righteous deeds will be in Gardens of Delight.	اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾	بادشاہی ہوگی اُس دن اللہ کی۔ فیصلہ کرے گا ان کے درمیان پھر جو لوگ ایمان لائے اور کیے انہوں نے نیک عمل (ہوں گے وہ) نعمت بھری جنتوں میں ﴿۵۶﴾
57. And those who disbelieved and denied Our revelations, so they, for them will be a humiliating punishment.	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ہوگا اور جھٹلایا ہوگا ہماری آیات کو سو ایسے ہی لوگ ہیں کہ ہے اُن کے لیے عذاب رسوا کُن ﴿۵۷﴾
58. And those who emigrated in the way of Allah and then were slain or died, Allah will certainly grant them a goodly provision. And indeed, it is Allah who surely is the best of those who provide.	وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾	اور وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی اللہ کی راہ میں پھر قتل ہوئے یا مر گئے ضرور بہم پہنچائے گا ان کو اللہ بہترین روزی اور بے شک اللہ ہی ہے بہترین رزق دینے والا ﴿۵۸﴾

59. Surely, He will admit them to a resort with which they shall be well pleased. And indeed, Allah is All Knowing, Most Forbearing.	لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾	ضرور داخل فرمائے گا انہیں ایسی جگہ جسے وہ بہت پسند کریں گے اور یقیناً اللہ ہے ہر بات جاننے والا اور نہایت بُردبار ﴿۵۹﴾
60. That (is so). And whoever retaliated with the equivalent of that which he was made to suffer, and thereafter wrong was done to him, Allah will surely help him. Indeed, Allah is Oft Pardoning, Oft Forgiving.	ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾	یہ ہے (ان کا انجام) اور جس نے بدلہ لیا ویسا ہی جیسا کہ ستایا گیا تھا اسے پھر زیادتی کی گئی اس کے ساتھ تو ضرور مدد کرے گا اس کی اللہ۔ بے شک اللہ ہے بہت زیادہ معاف فرمانے والا اور درگزر کرنے والا ﴿۶۰﴾
61. That is because Allah causes the night to enter into the day, and causes the day to enter into the night. And because Allah is All Hearer, All Seer.	ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾	یہ (اس لیے) کہ درحقیقت اللہ ہی داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں اور یقیناً اللہ ہے ہر بات سُننے والا اور ہر چیز دیکھنے والا ﴿۶۱﴾
62. That is because Allah, He is the Truth, and that what they call instead of Him, it is the false, and because Allah, He is the Most High, the Most Great.	ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾	یہ (اس لیے) کہ درحقیقت اللہ ہی حق ہے اور یہ کہ درحقیقت جن کو یہ پکارتے ہیں اللہ کے سوا وہ باطل ہیں اور یہ کہ اللہ ہی ہے بالادست اور بہت بڑا ﴿۶۲﴾
63. Do you not see that Allah sends down water from the sky and then the earth becomes green. Indeed, Allah is Subtle, All Aware.	اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿۶۳﴾	کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ اللہ ہی برساتا ہے آسمان سے پانی پھر ہو جاتی ہے زمین سرسبز یقیناً اللہ لطیف و خبیر ہے ﴿۶۳﴾

64. To Him belongs whatever is in the heavens and whatever is on the earth. And indeed Allah, He certainly is the Absolute, the Praiseworthy.	لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۶۴﴾	اسی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں اور بے شک اللہ ہی ہے بے نیاز اور قابلِ تعریف ﴿۶۴﴾
65. Do you not see that Allah has subjected to you (mankind) whatever is on the earth, and the ships that sail through the sea by His command. And He withholds the heaven from falling on the earth, except by His permission. Indeed Allah, for mankind, is full of Kindness, Most Merciful.	اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ وَیُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۶۵﴾	کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ اللہ نے مسخر کر دیا ہے تمہارے لیے جو کچھ ہے زمین میں اور (مسخر کر دیا ہے) کشتیوں کو جو چلتی ہیں سمندر میں اس کے حکم سے اور روکے ہوئے ہے وہی آسمان کو اس سے کہ گر پڑے زمین پر مگر اس کے حکم سے، بے شک اللہ لوگوں پر بڑا شفیق اور مہربان ہے ﴿۶۵﴾
66. And He it is who gave you life, then He will cause you to die, then He will give you life (again). Indeed, mankind is certainly an ingrate.	وَهُوَ الَّذِیْۤ اَحْیَاكُمْ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ یُحْیِیْكُمْ ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿۶۶﴾	اور وہی ہے جس نے تمہیں زندگی بخشی پھر موت دیتا ہے تمہیں پھر زندہ کرے گا تمہیں، بے شک انسان بڑا ہی ناشکرا ہے ﴿۶۶﴾
67. For every nation We have appointed religious rites which they perform. So let them not dispute with you on the matter, but invite to your Lord. Indeed you, certainly are on the right guidance.	لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا یُنَازِعُنَّكَ فِی الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰی رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰی هُدًی مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۶۷﴾	ہر اُمّت کے لیے ہم نے مقرر کیا ہے عبادت کا طریقہ کہ وہ اس طریقے سے عبادت کرتی ہے پس نہ جھگڑا کرے کوئی تم سے اس معاملہ میں اور دعوت دو تم اپنے رب کی طرف ۔ بے شک تم سیدھے راستے پر ہو ﴿۶۷﴾
68. And if they argue with you, then say: "Allah is Best Aware of what you do."	وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۸﴾	اور اگر وہ جھگڑا کریں تم سے تو کہہ دو اللہ ہی بہتر جانتا ہے اس کو جو تم کر رہے ہو ﴿۶۸﴾

69. Allah will judge between you on the Day of Resurrection about that wherein you used to differ.	اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾	اللہ فیصلہ کرے گا تمہارے درمیان روزِ قیامت ان باتوں کا جن میں تم اختلاف کرتے رہے ﴿٦٩﴾
70. Do you not know that Allah knows whatever is there in the heavens and the earth. Indeed, that is in a Record. Indeed, that is easy for Allah.	اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٧٠﴾	کیا نہیں جانتے تم کہ بلاشبہ اللہ جانتا ہے اس کو جو ہے آسمان میں اور زمین میں بے شک یہ سب کچھ درج ہے ایک کتاب میں بے شک یہ کام اللہ کے لیے آسان ہے ﴿٧٠﴾
71. And they worship besides Allah that for which He has not sent down authority. And that of which they have no knowledge. And for wrong doers there is no helper.	وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿٧١﴾	اور پوجتے ہیں یہ لوگ اللہ کے سوا ایسی چیزوں کو کہ نہیں نازل فرمائی اللہ نے ان کے بارے میں کوئی سند اور ان چیزوں کو کہ نہیں ہے خود انہیں بھی ان کے بارے میں کچھ علم اور نہ ہوگا ایسے ظالموں کا کوئی مددگار ﴿٧١﴾
72. And when Our clear revelations are recited to them, you will recognize in the faces of those who disbelieve, a denial. They are almost ready to attack with violence those who recite Our verses to them. Say: "Then shall I inform you worse than that. The Fire, which Allah has promised those who disbelieve. And worst indeed is that destination."	وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ؕ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٧٢﴾	اور جب تلاوت کی جاتی ہیں اُن کے سامنے ہماری واضح آیات تو صاف نظر آجاتے ہیں تم کو اُن لوگوں کے چہروں پر جو کافر ہیں ناپسندیدگی کے آثار، یُوں لگتا ہے کہ ٹوٹ پڑیں گے ان لوگوں پر جو تلاوت کرتے ہیں اُن کے سامنے ہماری آیات کہہ دو! کیا میں تم کو بتاؤں زیادہ بُری چیز اس سے بھی، وہ آگ ہے۔ جس کا وعدہ کر رکھا ہے اللہ نے ان لوگوں سے جو کافر ہیں اور بہت ہی بُرا ہے وہ ٹھکانا ﴿٧٢﴾

73. O mankind, a parable is set forth, so listen to it. Indeed, those whom you call besides Allah cannot create a fly though they gather together for it. And if the fly snatched away a thing from them, they would have no power to release it from him (the fly). Weak are (both) the seeker and the sought.	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۭ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـــًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۭ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ۝	اے لوگو! بیان کی جاتی ہے ایک مثال تو غور سے سنو اُسے، یقیناً وہ جن کو پکارتے ہو تم اللہ کے سوا ہرگز نہیں پیدا کر سکتے وہ ایک مکھی بھی اگرچہ جمع ہو جائیں وہ سب اس کام کے لیے اور اگر چھین لے جائے ان سے مکھی کوئی چیز، تو نہیں چھڑا سکتے اس کو اس سے، کمزور ہیں (مدد) مانگنے والے بھی اور وہ بھی جن سے (مدد) مانگی جاتی ہے ۝
74. They have not appraised Allah His rightful appraisal. Indeed, Allah is All Strong, All Mighty.	مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝	نہیں پہچان سکے یہ اللہ کو جیسا کہ حق ہے اس کو پہچاننے کا، یقیناً اللہ ہی طاقتور اور غالب ہے ۝
75. Allah chooses messengers from the angels and from men. Indeed, Allah is All Hearer, All Seer.	اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝	اللہ منتخب فرما لیتا ہے فرشتوں میں سے اپنے پیغام رساں اور انسانوں میں سے بھی بے شک اللہ ہے ہر چیز سُننے والا اور سب کچھ دیکھنے والا ۝
76. He knows what is before them and what is behind them. And to Allah return all matters.	يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝	جانتا ہے اس کو بھی جو ان کے سامنے ہے اور وہ بھی جو اُن کے پیچھے ہے۔ اور اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں سب معاملات ۝

77. O you who believe, Bow down and prostrate yourselves, and worship your Lord, and do good, that you may succeed. **AsSajda**	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۩	اے ایمان والو! رکوع کرو، سجدہ کرو اور عبادت کرو اپنے رب کی اور کرو نیک کام تاکہ تم فلاح پاؤ ۩ **السجدہ**
78. And strive in (the cause of) Allah with the striving due to Him. It is He who has chosen you and has not placed upon you in religion any hardship. (It is) the faith of your father Abraham. It is He (Allah) who has named you Muslims, of old time and in this (Scripture) so that the messenger may be a witness against you, and that you may be witnesses against mankind. So establish prayer, and give charity, and hold fast to Allah. He is your Protecting friend. An excellent Patron and an excellent Helper.	وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاۗءَ عَلَي النَّاسِ ۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝	اور جہاد کرو اللہ کی راہ میں جیسا کہ حق ہے جہاد کرنے کا اس نے چن لیا ہے تم کو اور نہیں رکھی اس نے تم پر دین میں کوئی تنگی۔ اپنے باپ ابراہیمؑ کی ملت پر (قائم ہو جاؤ) اللہ ہی نے تمہارا نام رکھا ہے "مسلم" پہلے بھی اور اس قرآن میں بھی تاکہ بنے رسول گواہ تم پر اور بنو تم گواہ لوگوں پر، سو قائم کرو نماز اور دو زکوٰۃ اور وابستہ ہو جاؤ اللہ کے ساتھ وہی تمہارا مولا ہے، سو کیا ہی اچھا ہے وہ مولیٰ اور کیا ہی اچھا ہے وہ مددگار ۝